# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**مجھے اپنا کارڈ ایکٹیویٹ کیسے کرنا ہے؟**
اپنا کارڈ وصول کرنے کے بعد، براہ مہربانی ہمارے کال سنٹر کے نمبر **111-825-888** پر کال کریں اور اپنا کارڈ ایکٹیویٹ کرائیں۔ ایک دفعہ کارڈ ایکٹویٹ ہوگیا اس کے فوری بعد آپ استعمال کرنا شروع کردیں۔

**میں اپنا یو بی ایل کارڈ کہاں استعمال کر سکتا ہوں؟**
یو بی ایل کریڈٹ کارڈ ہر اس جگہ قبول کیا جائے گا جہاں ویزہ کا لوگو نمایاں ہوگا اور یہ دنیا کے کم وبیش **210** مما لک میں **29** ملین مقامات کے ساتھ ساتھ پاکستان میں **50,000** مرچنٹس پر نمایاں ہے۔

**مجھے اس رقم کا کیسے پتا چلے گا جو میں نے ادا کرنی ہے؟**
ہر ماہ آپ کو آپ کے کریڈٹ کارڈ کی اسٹیٹمنٹ وصول ہوجایا کرے گی جس میں کل واجب الادبقایا جات درج ہوں گے۔ درج ذیل کو چیک کرنا مت بھولیے گا:

موجودہ (کرنٹ) بیلنس

ادائیگی کی کم از کم رقم

ادائیگی کی مقررہ تاریخ

اس کے علاوہ، آپ واجب الادابقایا بیلنس کے متعلق پوچھ گچھ کے لیے یو بی ایل رابطہ مرکز کے نمبر **111-825-888** پر کال کرسکتے ہیں۔

**اگر میں کم از کم ادائیگی کی رقم یا کل رقم (کرنٹ بیلنس) سے کم کسی رقم کی ادائیگی کرتا ہوں تو کیا ہوگا؟**
اگر آپ کم ازکم ادئیگی کی رقم ادا کرتے ہیں یا ایسی کوئی رقم جو کل ادائیگی سے کم ہو لیکن اس کم از کم ادائیگی کی رقم سے زیادہ ہو یا اس کے برابر ہو جس کی مقررہ تاریخ کو ادائیگی ہے اس پر مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ایک سروس فیس لاگو ہوگی۔ ریٹیل ٹرانزیکشنز جو ادائیگی کا احاطہ کرتی ہیں، اس کے لیے سروس فیس ٹرانزیکشن تاریخ سے پے منٹ پوسٹنگ کی تاریخ تک چارج کی جائے گی۔۔ ریٹیل ٹرانزیکشنز جو ادائیگی کا احاطہ نہیں کرتی ہیں، اس کے لیے ٹرانزیکشن تاریخ سے اکاؤنٹ کی اگلی جاری ہونے والی اسٹیٹمنٹ کی تاریخ تک سروس فیس چارج کی جائے گی

**اگر ،کسی بھی وجہ سے، ادائیگی کی مقررہ تاریخ کو میں کم از کم ادائیگی کی رقم یا کرنٹ بیلنس ادا ہونے سے رہ جاتا ہے تو پھر کیا ہوگا؟**
سروس فیس ٹرانزیکشن تاریخ سے اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کی تاریخ تک ہر ریٹیل ٹرانزیکشن پر مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق لاگو ہوگی۔ لیٹ فیس بھی مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہی لاگو ہوگی۔ اگر کم از کم ادائیگی وصول نہیں ہوتی ہے آپ کے کریڈٹ کارڈ کا اکاؤنٹ اگلی اسٹیٹمنٹ کی تاریخ سے بلاک کردیا جائے گا۔

**اگر میں مکمل ادائیگی کر دیتا ہوں پھر کیا ہوگا؟**

تمام ریٹیل ٹرانزیکشن کے لیے، اگر ادائیگی کے لیے مقررہ کردہ تاریخ کے دوران ہی مکمل ادائیگی ہو جاتی ہے تو پھر سروس فیس لاگو نہیں ہوگی۔

**کیا میں بذریعہ انٹرنیٹ خریداری کے لیے اپنا یو بی ایل کارڈ استعمال کرسکتا ہوں/ کرسکتی ہوں؟**

ہاں آپ آن لائن خریداری کے لیے اپنا کریڈٹ کارڈ استعمال کر سکتے ہو/ کرسکتی ہو۔صرف VBV مرچنٹس سے آن لائن خریداری کے لیے آپ کو اپنا VBV سروسز ایکٹیویٹ کرانے کی ضرورت ہوگی اس کے لیے آپ کو یو بی ایل رابطہ مرکز کے نمبر **111-825-888** پر کال کرنی ہے۔

**مجھے اپنے پتہ میں تبدیلی کیسے کرنی چاہیے؟**

یہ ایک انتہائی سادہ عمل ہے۔اس کے لیے آپ یو بی ایل کے رابطہ مرکز کے نمبر **111-825-888** پر کال کر کے اپنے نئے ڈاک کے پتہ کے بارے میں اطلاع دے سکتے ہیں۔آپ یو بی ایل کارڈ سنٹر کو ایک تحریری درخواست بھیج کر بھی اپنا ڈاک کا پتہ تبدیل کرا سکتے ہیں۔یو بی ایل کارڈ سنٹر، دوسری منزل ،یو بی ایل وئیر ہاؤس بلڈنگ، پلاٹ نمبر 1 اینڈ 2 'سی'، گروپ، مائی کلاچی روڈ، کراچی۔ پاکستان۔

**اگر مجھے اپنے کارڈ اکاؤنٹ میں کسی دشواری کا سامنا ہو تو پھر مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

اگر آپ کو اپنے کارڈ اکاؤنٹ سے متعلقہ کسی بھی قسم کا مسئلہ ہو جائے تو کسی بھی وقت فوری معاونت کے لیے ہمارے یو بی ایل رابطہ مرکز کے نمبر **111-825-888** پر کال کریں جو **24** گھنٹے دستیاب ہے۔آپ براہ راست اپنا مسئلہ تحریری طور پر درج ذیل پتہ پر بھی بھیج سکتے ہیں:

یو بی ایل کارڈ سنٹر، دوسری منزل، یو بی ایل وئیر ہاؤس بلڈنگ، پلاٹ نمبر 1 اینڈ 2 'سی'، گروپ، مائی کلاچی روڈ، کراچی۔ پاکستان

**اگر مجھے بیرون ملک میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا کرنا پڑ جائے تو مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیے؟**

آپ گمشدہ/ چوری شدہ کارڈ کی رپورٹ کرا کر ہنگامی امداد حاصل کر سکتے ہو، یا ویزہ ایمرجنسی کے امداد سنٹر سے ہنگامی نقد لے سکتے ہو۔سفر کے دوران، براہ مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس اپنی سہولت کے لیے پاکٹ گائیڈ ہے۔

**اگر میرا کریڈٹ کارڈ گم ہو جائے پھر مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

ایسی صورتحال جس میں آپ کا کریڈٹ کارڈ گم یا چوری ہو جائے تو آپ فوری طور پر ہمارے 24 گھنٹے دستیاب یو بی ایل رابطہ مرکز کے نمبر 111-825-888 پر اطلاع دیں۔اس حادثے کے 3 یوم کے اندر آپ ایک تحریری درخواست بمعہ تفصیلات بھی بھیج سکتے ہیں۔اس سے آپ کا نقصان کم سے کم ہوگا اور کارڈ کی گمشدگی کے باعث کسی غلط استعمال سے آپ محفوظ رہ سکو گے۔

**اگر میری ماہانہ اسٹیٹمنٹ میں کسی قسم کا کوئی تضاد/ غلطی ہے تو پھر کیا ہوگا؟**

اگر آپ کو اپنی ماہانہ اسٹیٹمنٹ میں کسی قسم کا کوئی تضاد نظر آتا ہے، تو آپ **7** یوم کے اندر ہمارے **24** گھنٹے دستیاب یو بی ایل رابطہ مرکز کے نمبر

888-825-111 پر اس معاملہ کی اطلاع دیں۔ اسٹیٹمنٹ کی اندراجات (انٹریز) کو چیک کرنے کے سلسلہ میں، آپ اپنی تمام سیلز سلپس اور پرنٹ شدہ رسیدیں اپنے پاس رکھیں۔ اس سے آپ کو اپنے تمام لین دین کے ریکارڈ کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

### میں کتنی نقد رقم نکلوا سکتا ہوں؟

آپ اپنی کل کریڈٹ کی حد میں سے 50 فیصد تک نقد رقم نکلوا سکتے ہو۔ فرض کرو آپ کی کریڈٹ حد **40,000** روپے ہے تو **40,000** روپے کا **50** فیصد یعنی **20,000** روپے تک آپ نکلوا سکتے ہو۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں، مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق لی گئی پیشگی نقد رقم کی تاریخ سے مکمل ادائیگی کی تاریخ تک ہر پیشگی نقد رقم پر سروس فیس لاگو ہوگی۔

### اگر میں اپنے کریڈٹ کارڈ سے غیر ملکی کرنسی سے لین دین کرتا ہوں تو اس کا بل میں کیسے ادا کروں گا؟

پاکستانی روپے کے علاوہ کی گئی تمام لین دین، ویزہ/ماسٹر کارڈ پر لاگو شدہ بین الاقوامی ایکسچینج کی شرح کی بنیاد پر لین دین کی کرنسی کو امریکی ڈالر میں تبدیل کیا جائے گا۔ بیرونی اخراجات کے تصفیہ کے لیے، اوپن مارکیٹ (مجاز منی چینجرز) سے امریکی ڈالر خریدا جائے گا اور اس کی کٹوتی بل کی صورت میں موجودہ مارکیٹ ریٹ کے حساب سے آپ کے کریڈٹ کارڈ سے کی جائے گی۔ یو بی ایل کے شیڈول آف چارجز کے مطابق تصفیہ چارجز کا بھی اطلاق ہوگا۔

### میں اپنی حد کو کیسے بڑھا سکتا ہوں؟

آپ اپنے کریڈٹ کارڈ کی موجودہ حد کو بڑھانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ایک تحریری درخواست یا ہماری ویب سائیٹ پر موجود حد بڑھانے کے درخواست فارم کو پُر کر کے بمعہ اپنے انکم دستاویزات (بینک اسٹیٹمنٹ / سیلری سلپ / سیلری سرٹیفیکیٹ) اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل ہمارے درج ذیل پتہ پر بھیج دیں:

یو بی ایل کارڈ سنٹر، دوسری منزل، یو بی ایل ویئر ہاؤس بلڈنگ، پلاٹ نمبر 1 اینڈ 2 'سی' گروپ، مائی کلاچی روڈ، کراچی۔ پاکستان

*یو بی ایل آپ کی کریڈٹ حد کے لیے دی گئی درخواست کو منظور / مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

### حد سے زیادہ (over limit) کی فیس کتنی ہے؟

کریڈٹ کارڈ کے ذریعے سے کیے گئے آپ کے اخراجات اُس کریڈٹ حد کے اندر لازمی رہنے چاہییں جو آپ کو دی گئی ہے۔ اپنے کریڈٹ کی حد سے تجاوز کی صورت میں، مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق حد تجاوز کی فیس، جب بھی آپ تجاوز کریں گے، لاگو ہوگی

### مجھے اپنی کریڈٹ کی حد کا کیسے پتا چلے گا؟

آپ کے ماہانہ کریڈٹ کارڈ کی بلنگ اسٹیٹمنٹ پر آپ کی کریڈٹ حد واضح لکھی ہوتی ہے جو آپ کا موجودہ بقایا بیلنس اور دستیاب باقی حد کو بھی بیان کرتی ہے۔ علاوہ ازیں، آپ اپنی کریڈٹ حد کے متعلق جاننے کے لیے یو بی ایل کے رابطہ مرکز نمبر **888-825-111** پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

**مجھے اپنی نقد رقم نکلوانے کی حد کا کیسے پتا چلے گا؟**

نقد رقم نکلوانے کی حد کو آپ کی ماہانہ کریڈٹ کارڈ بلنگ اسٹیٹمنٹ پر نمایاں کیا ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں، آپ اپنی کریڈٹ حد کے متعلق جاننے کے لیے یو بی ایل کے رابطہ مرکز نمبر **111-825-888** پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

**میری دستیاب کریڈٹ کی حد کتنی رہ گئی ہے؟**

آپ اپنی دستیاب کریڈٹ حد کے متعلق جاننے کے لیے یو بی ایل کے رابطہ مرکز نمبر **111-825-888** پر کال کر سکتے ہیں۔

**میری دستیاب نقد رقم کی حد کتنی ہے؟**

آپ اپنی دستیاب نقد / کیش کی حد کے متعلق جاننے کے لیے یو بی ایل کے رابطہ مرکز نمبر **111-825-888** پر کال کر سکتے ہیں۔

**کیا ہر ماہ کے آخر میں مجھے اپنے سارے بقایا جات کو کلیئر کرانا ہوگا؟**

اس کے لیے آپ کے پاس اختیار ہے کہ آپ حاصل کردہ پوری رقم کی ادائیگی کریں یا اپنے بقایا جات کا کم از کم 5 فیصد یا 500 روپے کی ادائیگی کریں جو کہ زیادہ ہے۔

**اگر میں بیرون ملک ہوں تو میں اپنی ادائیگی کیسے کروں گا / کروں گی؟**

اگر آپ پاکستان سے باہر ہیں، تو ہم تجویز دیتے ہیں کہ آپ ایک مقامی بینک کے ذریعے پاکستانی روپے میں ٹیلی گرافک ٹرانسفر (چارجز کا اطلاق شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوگا) کریں۔ آپ آٹو ڈیبٹ کی سہولت کا بھی فائدہ لے سکتے ہیں جو کہ آپ کے یو بی ایل کریڈٹ کارڈ کی ادائیگیوں کے سلسلہ میں زیادہ محفوظ اور تیز ترین ہے۔

**کیا نقد رقم نکلوانے / پیشگی نقد رقم پر کسی قسم کی کوئی فیس لاگو ہوگی؟**

اے ٹی ایم اور پی او ایس کے ذریعے نکلوائی گئی رقم پر شیڈول آف چارجز کے مطابق **1,000** روپے یکساں یا **3** فیصد اور رقم کا (یف ای ڈی) چارجز کیا جائے گا جو کہ بہت زیادہ ہے، تاہم یو بی ایل برانچز پر پی او ایس کے ذریعے پیشگی نقد رقم پر مروجہ فیس پروموشنل مہم کے تحت معاف کر دی گئی ہے جو کہ ایک محدود عرصہ کے لیے موثر ہے۔

**اگر میں طے شدہ کریڈٹ کی حد میں رہتے ہوئے نقد رقم نکلواتا ہوں تو پھر مجھے کتنی سروس فیس ادا کرنی ہوگی؟**

رقم پر سروس فیس نکلوائی گئی تاریخ سے رقم کی مکمل طور پر ادائیگی کی تاریخ تک چارج کی جائے گی۔

**لائیٹ انسٹال منٹ پلان پر مارک اپ کتنا ہے؟**

**29** فیصد سالانہ